## سوال

روزے کی حالت میں مختلف اقسام کے انجکشن لگوانے کا شرعی حکم کیا ہے، اور غذائی (Nutrition) انجکشن اور علاج کے لیے لگائے جانے والے غیر غذائی انجکشن میں کیا فرق ہے؟

## جواب

روزے کی حالت میں انجکشن السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا روزے کی حالت میں انجکشن لگوایا جا سکتا ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر انجکشن غذائی اور طاقت والا نہ ہو تو بوقت ضرورت لگوایا جا سکتا ہے، کیونکہ اس سے بھوک یا پیاس ختم نہیں ہوتی ہے۔ لیکن غذائی انجکشن اور طاقت دینے والا انجکشن لگوانا ناجائز ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث